...న్నారు. ఆ ప్రకారం పట్టుదలగా పెట్టినందువల్ల వచ్చిన పర్యవసానమిది. దీనివలన గ్రామాలలో సామాన్య బీద ప్రజానీకంయొక్క జీవనం పాడు చేయడం జరుగుతోంది. ఆదేవిధంగా చిన్న చిన్న వృత్తులు చేసుకొని బ్రతికే వాళ్ళు అనేకమందివున్నారు. ఇప్పుడు పంచాయితీలలో వృత్తిపన్ను వేస్తున్నారు. వీరివాళ్ళు సరిగా జీవనం జరగక అనేక కష్టాలు పడుతున్నారు. ఈ నాడు ఈ వృత్తి పన్నును మంగలికి జీవించే సాతివారికి యింకా అనేకమందీ చిన్న చిన్న వ్యాపారస్థులకు వేస్తే, వాళ్ళు భరించలేక బాధ పడుతున్నారు. ఈ విధంగా పన్నులు వేస్తే పంచాయితీలు పని చేయలేవు. గ్రామాలలో ఎక్కడో ఒకచోట పొరంబోకు ఉంటే అక్కడకూడా పశువులు మేతకు పాలుపడేస్తే ఆ కోరం పంచాయితీలవారికే ఇస్తుంటూ, అక్కడకూడా వేలం వేసి దానిని పంచాయితీకి జమ చేసుకుంటూన్నారు. ఈ విధంగా గ్రామాలలో నిత్యకృత్య వ్యవహారాలలో ప్రజలయొక్క న్యాయమైన హక్కులు భంగం చేయడం జరుగుతోంది. ఈ విధంగా పన్నులు వసూలు చేయకుండా పెద్ద పెద్ద భవనాలు, బిల్డింగులు వున్నైతే వున్నాయో వాటికి పన్నులు వేసి సక్రమంగా వసూలు చేస్తేనే పని జరుగుతుంది గాని, ఇటువంటి చిన్న చిన్న విషయాలలో పన్నులు వేస్తే గ్రామానికి మేలు చేయకపోగా కీడు జరుగుతుంది. ఇవన్నీ ఆలోచించకుండా, చేస్తున్నారు. గ్రామాలలో సక్రమంగా ఎన్నికలు జరుగుటలేదు. అధికారాలన్నీ ముఖ్యంగా డిప్యూటీ కలెక్టరుకున్నాయి. వారు గ్రామాలలోని నిజ పరిస్థితులను అర్థం చేసుకోనకుండా పంచాయితీలనకు ఇన్‌స్ట్రక్షన్సు యిస్తున్నారనుకుంటాను. ఈ ఎన్నికలలో మాత్రం ప్రభుత్వం చాలా జాగ్రత్తగా పనిచేస్తోందనుకుంటాను. ఎందుకంటే ఈ పంచాయితీలలో యిప్పుడు జరిగే ఎన్నికలలో ఓడిపోతామనేటువంటి భయంతోటి కాంగ్రెసువారు ఈ పంచాయితీ ఎన్నికలలో చేసిన హంగామా యింతా అంతాకాదు. నాకు స్వయముగా అనుభవంలో ఉన్న విషయాలు చెబుతాను. నాలుగు మాసాల క్రిందట వైరాలో గ్రామ పంచాయితీ ఎన్నికలు జరిగాయి. అక్కడ మీటింగు (బహిరంగ సభ) జరుగుతోంటే, ఓడిపోతామనే భయంతో కాంగ్రెసువారు పోలీసు సబ్ ఇన్స్పెక్టరు మద్దతు తీసుకొని ఆ మీటింగు ఆపివేయండి, లేకపోతే తుపాకులతో కాల్చివేస్తామన్న ఘటన ఎంతోమందీ చూశారు. ఆ విషయం పోలీసు మెజిస్ట్రేటుకు రిపోర్టుచేస్తే, సర్కిల్ ఇన్స్పెక్టరు విచారణకు వచ్చారు. అది ఋజువైంది. సాక్షాలు స్టేటుమెంట్లు రికార్డు చేశారు. ఇవన్నీ జరిగిన తరువాత, ఏమిటీ విషయమని, ప్రభుత్వానికి తెలియపరిస్తే హోంమినిస్టరు నుంచి వచ్చిన జవాబు ఏమంటే అది ఋజువు కాలేదని జవాబు చెప్పారు. కాబట్టి ఈ రకంగా పంచాయితీ ఎన్నికలను పంచాయితీలో పడవేసి ఒక పొలిటికల్ స్వార్థము కోసం, తమ పార్టీ బలంకోసం ఈ పంచాయితీల ఎన్నికలు చేసుకుంటున్నారా అంటే దానికేమి జవాబులేదు. ఈ పంచాయితీలు న్యాయంగా ప్రజలకు ఉపయోగపడాలంటే, పన్నులను సక్రమంగా ఆలోచించి బీద ప్రజానీకం మీద పడకుండా చూడాలనిచెప్పి మనవి చేస్తూ యింతటితో విరమిస్తున్నాను.

شری جی۔سری راملو ۔ مسٹر اسپیکر سر۔ آج میرے کٹ موشنس پنچایت کمیٹیاں ۔ باؤلیوں کی تعمیر اور سٹی گارڈنس کے بارے میں ھیں۔ میں آنریبل منسٹر فار لوکل سلف گورنمنٹ سے جنہوں نے ابھی ابھی اس محکمه کا جائزہ لیا ھے ان کے سامنے بنچایت کمیٹیوں کی گرہ ویوستھا کا ایک خاکه رکھنا چاھتا ھوں ۔ یه کہنے میں مجھے کوئی مبالغه نہیں معلوم ھوتا که آج جتنے بھی پنچایت کمیٹیز ھیں وہ محض برائے نام ھیں۔ جو ڈپٹی کلکٹرس اس کے لئے رکھے گئے ھیں وہ میرے خیال میں

٦ مہینے میں ایک بار بھی اس طرف دورہ نہیں کرتے اور اسی طرح جو متعلقہ ڈسٹرکٹ آفیسرس ہیں وہ بھی وہاں نہیں جاتے - آج ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ ولیجس کو ہم ڈیموکریسی کی طرف لے جا رہے ہیں - ان کو نئے نمونے سے ترتیب دینا چاہتے ہیں تو یہاں کیبینٹ کو بدلنے یا ڈپٹی منسٹرس کا تقرر کرنے سے ترقی نہیں ہوسکتی - وہ تو یہاں شاہ منزل میں ہی رهکر ختم ہوجائیگی - اس کا ثمرہ ان دیہاتوں تک جہاں پنچایتیں ہیں نہیں پہنچ سکیگا - اس وجہ سے ہمارے ڈیموکراٹیکلی الکٹڈ ممبرس چاہے وہ ادھر کے ہوں یا ادھر کے اور منسٹرس جن کو قانوناً یہ کام کرنے کا موقع دیا گیا ہے محنت سے کام کرنا چاہیئے اور ڈراسٹک اسٹپ لینا چاہیئے - ورنہ ڈیموکریسی کے اس نازک اور کمزور پھول سے یہ کسان مستفید نہیں ہوسکیں گے -

اس طرح ڈیموکریسی کا کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکیگا - ڈیموکریسی کے بارے میں آفیسرس اور رولنگ پارٹی میں صحیح تصور نہیں ہے جس کی وجہ سے ڈیموکریسی پروان نہیں چڑھتی - ڈیموکریسی کو بڑھانے کے لئے اسے کافی غذا نہیں پہنچائی جاتی - اس بارے میں بہت گمبھیرتا کے ساتھ سوچنا چاہیئے - محض کانفرنسیں کرکے نمائشی کام کرنے سے سوائے پیسہ خرچ ہونے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا - پنچایتوں کی تربیت کی جانی چاہیئے - ان کی ہمت افزائی کرنا چاہیئے ڈپٹی کلکٹرس اور لوکل آفیسرس کا یہ کام ہونا چاہیئے کہ وہ پنچایتوں کے ممبرس کو اپنے چھوٹے بھائی کی طرح آگے بڑھائیں - لیکن ہمارے پاس ایسی کوئی مثال نہیں ملتی - جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آزادی کے حاصل ہونے کا کوئی تصور جھونپڑی والوں تک نہیں پہنچنے پاتا - ہونا تو یہ چاہیئے کہ جب یہاں کوئی قانون پیش ہوتا ہے تو اس کا اثر فوراً کرنٹ کی طرح جھونپڑی تک پہنچ جانا چاہیئے - لیکن ایسا نہیں ہوتا - بجٹ میں بڑی بڑی رقمیں تو رکھی جاتی ہیں اور روپیہ پانی کی طرح بہایا جاتا ہے لیکن اس کا کوئی ثمرہ خاطر خواہ حاصل نہیں ہوتا - وہاں ڈیموکریسی کے اصول پر سڑکیں بنانے یا قندیلیں لگوانے اور ایسے ہی کاموں کے لئے ٹیکس عائد کرنیکے سوائے حکومت کے گرانٹ کی نوعیت ایسی ہے جس کی وجہ سے ڈیموکریسی آگے نہیں بڑھ سکتی - میں بہت سے دیہاتوں میں ایک وزیٹر کی حیثیت سے جاکر پنچایتوں کو دیکھا ہوں - مجھے ایک دفعہ دیہات میں بیٹھکر پنچایت کے رجسٹرات تکمیل کرنا پڑا اور میں نے ان کو بتایا کہ کام کس طریقہ سے کرنا چاہیئے - وہاں مارکٹ بنانے اور دوسرے ڈیمانڈس کے بارے میں میں نے انہیں بتایا کہ انہیں کس طرح پیش کرنا چاہیئے - اور ڈپٹی کلکٹر کا تعاون کس طرح حاصل کرنا چاہیئے - مجھے یہ بات حکومت کے علم میں لانی ہے کہ تارچرلہ پنچایت کمیٹی کے عملہ صفائی کو ایک پیسہ تنخواہ اب تک منظور نہیں ہوئی ہے - وہ کیس پنڈنگ رکھا گیا ہے - اس طرح پنچایتیں کس طرح اوپر آسکتی ہیں - ایسا کرنے سے ان کی کمر ٹوٹ جاتی ہے - کس امید کے ساتھ وہ آگے بڑھ سکتے ہیں - یعنی ابتداً ہی میں وہاں کے لوگوں میں پنچایتوں کے خلاف ایک جذبہ پیدا ہورہا ہے - جس طرح پہلے ہی گرم دودھ منہ سے لگ جائے تو ڈر ہوجاتا ہے اسی طرح کانگریس راج میں

میونسپالٹیز کے بارے میں نوبت یہاں تک آگئی ہے اور ایک راستہ ڈالدیا گیا ہے کہ اس میں آنے والے یہ سمجھنے لگے ہیں کہ اپنی کھیتی باڑی چھوڑ کر کون پنچایت میں جائے اور جھگڑے اپنے سر مول لے - یہ جذبہ عوام میں آج پیدا ہورہا ہے - میں کہوں گا کہ پنچایتوں کو ٹھیک ڈھنگ سے چلانا چاہیئے - ورنہ پنچایت ایکٹ ہی کو منسوخ کردینا چاہیئے - میونسپالٹیز کو یا پنچایت کمیٹیوں کو عمارتیں یا روڈس وغیرہ بنانے میں گرانٹس دینے کی کارروائی ڈسٹرکٹ بورڈ سے کرسکتے ہیں - اس کا جو ایکٹ ہے وہ تو اچھا ہے - لیکن اس طرح سے کام نہیں ہورہا ہے - میں کہونگا کہ صرف قانون بنا دینے سے اس کا اثر نہیں ہوتا - میں آنریبل منسٹر فار لوکل سلف گورنمنٹ سے کہوں گا کہ وہ ایسے اصول بنائیں جن کے تحت کام سولہ آنے ہوسکے - اگر ان کی وزارت میں کوئی ایک کام بھی ہوجائے تو یہ ان کی یادگار رہیگی - اس طرح محض بات چیت کرنے یا بجٹ میں رقم رکھدینے یا ھاؤس میں اسپیچ دیدینے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا - پنچایت کمیٹیوں کے لئے جو ۵ لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے اس میں سے ایک لاکھ روپیے آفیسرس کے لئے رکھے گئے ہیں - میں کہوں گا کہ ہر سرکل کے لئے ایک سرکل انسپکٹر پنچایت کمیٹیوں کے لئے مقرر کیا جانا چاہیئے - اور ڈپٹی کلکٹرس اور دوسرے عہدہ داروں کو پابند کیا جانا چاہیئے کہ وہ کافی تعاون کریں - اس بارے میں کافی چھان بین کی ضرورت ہے -

مجھے یہ بات بھی آنریبل منسٹر صاحب کے علم میں لانی ہے کہ بجٹ میں کنٹریبیوشن ٹو میونسپالٹیز (Contribution to Municipalities) کے لئے ۴ لاکھ ۱۷ ہزار روپیے اور کنٹریبیوشن ٹو میونسپالٹیز اینڈ لوکل باڈیز کے لئے ۱۰ لاکھ ۳۵ ہزار ۷۰۰ روپیے کی رقم الگ رکھی گئی ہے - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایٹم الگ الگ کیوں ہیں - اس کی وضاحت ہوتی چاہیئے - میں یہ بھی کھوں گا کہ میونسپالٹیز کو جو گرانٹ دی جاتی ہے ان کے سلکشن میں اس کا خیال رکھیں کہ جو جو میونسپالٹیز آگے بڑھ چکی ہیں انہیں یا تو گرانٹ کم دیجائے یا دینا ہی نہیں چاہیئے - اور جو میونسپالٹیز امپرو ہونے ہیں انہیں زیادہ مدد دینی چاہیئے تاکہ وہ آگے بڑھ سکیں - اور جس ٹاؤن میں میونسپالٹی کو زیادہ مدد دینے کی ضرورت ہے اس کو زیادہ دینا چاہیئے - تاکہ سب میونسپالٹیز آگے بڑھ سکیں -

سی - آئی - پی بلاکس کے سلسلہ میں مجھے یہ کہنا ہے کہ ....

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - آپ کا وقت ختم ہوچکا ہے آپ اپنی تقریر ختم کیجئے -

شری جی - سری راملو - میں صرف دو منٹ میں ختم کردیتا ہوں -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - جی نہیں کافی وقت دیا چکا ہے -

شری عبدالرحمن - مسٹر اسپیکر سر - میرا کٹ موشن سی - آئی - پی کے مکانات کے تعلق سے ہے - سی - آئی - پی کے دستور کے دفعہ ۲۶ میں خود یہ بتایا گیا ہے کہ یہ غریب

عوام کو سہولت بہم پہونچانے کیلئے بنائے گئے ہیں اور پھر یہ کہ یہ موجودہ مکانات اس حکومت کا بھی کارنامہ نہیں بلکہ اس نظام شاہی اور جاگیر شاہی کا عطیہ ہے - اب یہ حکومت اس سے استفادہ خود حاصل کر کے اس سے جو سہولت عوام کو تھی اس سے محروم کرنا چاہتی ہے - اس میں اے - بی - سی - ڈی اور اسپیشل اے - اسپیشل بی اس قسم کے مکانات کے کرایوں میں ۵۰ فیصد سے صد فیصد تک اضافہ کیا گیا ہے - مثال کے طور پر میں بتلاؤنگا کہ سلطان بازار میں جن مکانات کا کرایہ ۲۵ تھا ۵۰ کردیا گیا ہے - آغاپورہ میں ساڑھے دس روپیے کرایہ کو ۲۰ روپیہ ۴ آنے کردیا گیا ہے - ناسپلی میں ۱۰ روپیے جن مکانات کا کرایہ تھا اب ان کا کرایہ ۱۸ روپیہ کردیا گیا ہے - اس طرح حکومت ان کرایہ داروں کے ساتھ نا انصافی برت رہی ہے - ان مکانات کو بنکر ۲۵-۳۰ سال ہوگئے ہیں - سابقہ حکومت بھی ان سے کافی فائدہ کماچکی ہے - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ عوامی حکومت کے دانت بھی اس کے ذائقہ کے خواہشمند ہے - ان مکانات پر لاگت سے زیادہ کرایہ وصول کرلئے جانے کے باوجود حکومت کی حریص نظریں مزید فائدہ پر لگی ہوئی ہیں اور اب کرایوں میں اضافہ کیا جارہا ہے - اس اضافہ کے جواز میں یہ کہا جاتا ہے کہ محل وقوع اور صفائی کے ٹیکس میں اضافہ کی بناء پر یہ اضافہ کیا جارہا ہے ہم اس بات کو مانتے ہیں کہ صفائی کے ٹیکس میں جس تناسب سے اضافہ ہوا ہے اتنا اضافہ کرایہ کرایہ دار ادا کرنے کیلئے تیار ہیں - داغ دوزی بھی ایک وجہ بیان کیجاتی ہے - لیکن اس کا جو عملہ ہے اسپر ۵ لاکھ روپیہ خرچ کیا جاتا ہے - جب بجٹ میں اسکے لئے رقم رکھتے ہیں تو اسکے لئے اضافہ کیا جانا کیا معنی رکھتا ہے - اور اسطرح عملہ پر زیادہ صرفہ کیا جارہا ہے - اسی گنجائش سے ہر سال ۲۵-۳۰ مکانات تعمیر کئے جاسکتے ہیں - لیکن وہاں چند لوگوں کا پیٹ پالنے کیلئے اتنے عہدہ دار انجنیر - سب انجنیر - اسسٹنٹ انجنیر رکھے گئے ہیں - غرض عہدہ داروں کی ایک طومار ہے - اور عوام کے خزانہ پر غیر ضروری بار ڈالا جاتا ہے - میں منسٹر صاحب سے درخواست کرونگا کہ وہ اس پر غور کریں - یہ دلیل کہ چونکہ خانگی مکانوں کا کرایہ زیادہ ہے اسی لئے ہم بھی کرایہ میں اضافہ کررہے ہیں یہ کوئی عقلی دلیل نہیں ہے - کیونکہ یہ مکانات خود غریب - کم تنخواہ پانے والے - اور جزمعاش لوگوں کو سہولت بہم پہونچانے کی نیت سے تعمیر کئے گئے ہیں - ہاں اگر ان مکانوں میں کوئی گزیٹیڈ عہدہ دار آجائے تو ہم اسکو نکالنے میں گورنمنٹ کا تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں - آپ اسکو نکالدیجئے - اسکے لئے کوئی احتجاج نہیں ہوگا - اس سلسلہ میں اس درد سری سے حکومت کو نجات ملیگی کہ ان مکانات کا جسطرح سنہ ۴۰ ف میں تصفیہ کیا گیا تھا کہ مکانات کے قابضین کے نام حقوق ملکیت منتقل کردئے جائیں - میں آنریبل منسٹر صاحب سے خواہش کرونگا کہ اوس فیصلہ کا احترام کرتے ہوئے ہائر پرچیز سسٹم (Higher Purchase System) پر یہ مکانات فروخت کردئے جائیں - اور ایک کمیٹی اس کام کیلئے بنائی جائے جسمیں کرایہ داروں کے نمائندوں کو اور تعمیرات کے نمائندے کو شریک کیا جائے -

اور ایک چیز کی جانب میں آنریبل منسٹر کو متوجہ کرنا چاھتا ھوں وہ یہ کہ سی ۔ آئی ۔ بی یعنی سٹی امپروومنٹ بورڈ کو ختم ھوئے ایک عرصہ ھو گیا لیکن سٹی امپروومنٹ بورڈ کا جو دستور نافذ ھے وہ اب تک چلا آرھا ھے۔ میں نہیں سمجھتا کہ دستور ھند کی موجود گی میں کوئی اور دستور کیسے نافذ رہ سکتا ھے یہ چیز غور طلب ھے ۔ اس بورڈ کو وسیع اختیارات تھے اسکو سٹی امپروومنٹ بورڈ کہا جاتا تھا لیکن آج وہ بورڈ موجود نہیں ھے لیکن دستور چلا آرھا ھے اس جانب آنریبل منسٹر کو توجہ کرنی چاھئیے ۔

ھم دیکھتے آئے ھیں کہ اس محکمہ کا قلمدان وزارت مستقلاً کسی منسٹر صاحب کے پاس نہیں رھا کئی منسٹرس بدلتے رھے ۔ اس سے خیال ھوتا ھے کہ کہیں عوام کی تکالیف کا تو یہ اثر نہیں ھے ۔ لیکن میں سمجھتا ھوں کہ موجودہ منسٹر صاحب زیادہ ذھین ھیں اسلئے وہ عوام کو اونکے بنیادی حقوق سے استفادے کا ضرور موقع دینگے اتنا کہتے ھوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ اگرچیکہ کٹ موشن کئی عنوانات پر آئے ھیں لیکن شائد تنگی وقت کی وجہ سے صرف سات اصحاب نے تقریریں کی ھیں ۔ ان سات تقاریر میں صرف تین نکات کا اظہار کیا گیا ھے اس لئے میں بھی وقت کی کمی کا لحاظ کرتے ھوئے صرف اسی حد تک جواب دوں گا ۔

ایک آنریبل ممبر نے (مجھے معاف کریں) مس اسٹیٹمنٹ (Mis-statement) دیا ھے ۔ اس لئے میں اس کو کرکٹ (Co rect) کرنا چاھتا ھوں ۔ کہا گیا کہ عادل آباد میں اب تک کام شروع نہیں کیا گیا ھے ۔ حالانکہ وھاں کام شروع ھو چکا ھے ۔ پائیپس (Pipes) کو وھاں منتقل کردیا گیا ھے ۔ اور کامرس اینڈ انڈسٹریز ڈپارٹمنٹ (Commerce and Industries Department) کو آرڈر دیا گیا ھے ۔ آرڈر کی تکمیل ھونے کے بعد فوری کام شروع ھو جائیگا ۔

اس کے بعد کہا گیا کہ نرمل ۔ عثمان آباد ۔ اور کھمم میونسپالٹیز کو گرانٹ ان ایڈ (Grant-in-aid) کی رقم اب تک نہیں ملی ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ معلومات نہ ھوں تو معلومات کا حاصل کرنا کوئی بری بات نہیں ھے ۔ لیکن معلومات نہ رکھتے ھوئے بیباکانہ طور پر کچھ اس انداز میں بیان کرنا کہ جیسے واقعی معلومات ھیں کچھ زیادہ ٹھیک بات نہیں ھے ۔ حالانکہ نرمل کو (۳) ھزار روپیے بطور گرانٹ ان ایڈ اور تین ھزار روپیے لون (Loan) کے طور پر دئے گئے ھیں ۔ اسی طرح عثمان آباد کو (۶۶۰۰) روپئے گرانٹ اور اتنا ھی لون کے طور پر ۔ عادل آباد کو (۸) ھزار روپئے گرانٹ اور (۸) ھزار لون کے طور پر ۔ کھمم کو (۶) ھزار روپئے گرانٹ اور (۶) ھزار روپیے لون کے طور پر دئے گئے ھیں ۔

ایک آنریبل ممبر نے گلبرگہ کے تعلق سے واقعات بیان کئے ۔ ٹینک (Tank) کے متعلق انہوں نے کہا کہ اکسکیاویٹ (Excavate)

کیا جاتا ھے - بنڈ (Bund) کو اس غرض سے ریز (Raise) کیا جاتا ھے کہ واٹر اسٹورنگ کیپیسٹی (Water storing capacity)زیادہ ھو- شوراپور کے تعلق سے کہا گیا کہ وھاں میٹھے پانی کا انتظام نہیں کیا گیا ھے - شوراپور کے نام سے خود ظاھر ھے کہ وھاں میٹھے پانی کے چشمے کم مقامات پر ملتے ھیں وھاں کی زمین میں سالٹ (Salt) ھے - ندی سے پانی کو لایا جاسکتا ھے لیکن اگر وہ خود غور کئے ھوتے تو پتہ چلتا کہ اس کے لئے ۵۰ لاکھ روپیہ کا خرچہ ھوگا - میں نہیں سمجھتا کہ شوراپور جیسے مقام کے لئے گورنمنٹ پچاس لاکھ روپیہ کا صرفہ برداشت کرے تو یہ کوئی مناسب بات ھوگی - اور مجھے یقین ھے کہ اس صرفے کو برداشت کرنے کی قوت شوراپور کے لوگوں میں نہیں ھے -

سب سے پہلے چونکہ ولیج پنچایت کے سلسلہ میں تقریریں ھوئی ھیں اس لئے میں اس سلسلہ میں کچھ کہوں گا - عام طورپر دو تین باتیں کہی گئی ھیں - ایک تو یہ کہ جو ایکٹ سنہ ۵۱ ع میں نافذ ھوا ھے اس کی روسے جہاں ایک ھزار یا ایک ھزار سے زائد اور پانچ ھزار سے کم پاپولیشن ھوگی وھاں ولیج پنچایت قائم کی جانی چاھیئے - اس ایکٹ کے تحت اس طرح (۱۰۲۰) پنچایتیں مختلف مقامات پر قائم ھوئی ھیں - یہ اعتراض کیا گیا ھے کہ حکومت کو قانون کے مطابق ۱۵ فیصد کنٹریبیوشن دینا چاھیئے تھا لیکن وہ نہیں دے رھی ھے - اگر ۱۵ فیصد کے حساب سے ریوینیو کنٹریبیوشن کی رقم دینا پڑے تو گیارہ لاکھ (۲۳) ھزار روپیہ دینا پڑیگا - لیکن اس وقت حکومت ولیج پنچایتوں کو چار لاکھ ۲۸ ھزار روپیے دے رھی ھے - ظاھر ھے کہ جو بجٹ ھے وہ ایوان کے سامنے پیش ھے - آنریبل ممبرس خود اس پر غور کریں کہ مزید جو سات آٹھ لاکھ روپیہ دینے کے لئے کہا جارھا ھے اور اس کے لئے جو سفارش کی جارھی ھے آخر وہ کہاں سے لائیں - ولیج پنچایت کے متعلق خود آنریبل ممبرس بیان کرتے ھیں کہ اس کی کیا اھمیت ھے - وہ یہ بھی کہتے ھیں کہ اس کو جمہوری بنیادوں پر قائم کرنا چاھیئے اور اس پایہ کو مضبوط کرنے کے لئے جو طریقے اختیار کرنے ضروری ھوں وہ اختیار کرنے چاھئیں لیکن مجھے یہ دیکھکر افسوس ھوتا ھے کہ خود جمہوریت کا حوالہ دینے والے عمل کے اعتبار سے یکسوئی پیدا کرنے والے نہیں ھیں - اس پر ھمیں سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا چاھیئے - ایک طرف تو کہا جاتا ھے کہ گرانٹ کی رقم بڑھائی جائے اور دوسری طرف کہا جاتا ھے کہ ٹکسس عائد نہ کئے جائیں - فرض کیجئے کہ اگر حکومت گیارہ لاکھ کی رقم دینے کے موقف میں ھوجائے تو ایسی صورت میں پانچ ھزار پنچایتیں قائم کرنا لازمی ھوگا - میں پوچھتا ھوں کہ کیا گیارہ لاکھ روپیہ میں پانچ ھزار پنچایتوں کو ٹکس وصول کئے بغیر محض اس امداد سے چلایا جاسکتا ھے - اس کا جواب اپنے دل میں وہ خود دے لیں - میں تو یہ سمجھتا ھوں کہ گیارہ لاکھ روپیہ دینے کے بعد بھی گرام پنچایتیں اپنے پیر پر کھڑے ھونے کے قابل نہ ھوسکیں گی -

پروفیشنل ٹکس (Professional tax) کے بارے میں بھی کچھ باتیں کہی گئی ھیں - میں کہونگا کہ ولیج پنچایت ایکٹ ہو ، ٹاؤن مونسپل اینڈ ٹاؤن کمیٹیز ایکٹ ھو یا کارپوریشن ایکٹ ھو ان میں ٹکسس کے عائد کرنے کے جو دفعات رکھے گئے ھیں اون سے مستفید نہ ھوتے ھوئے وہ گورنمنٹ کی طرف دیکھ رہے ھیں کہ کسی دوسری جگہ سے ٹکسس جمع کر کے وہ انکے حوالے کردے - کیا یہ کوئی ٹھیک بات ھوسکتی ھے ، کہ خود ٹکسس عائد کرنے کی کوشش نہ کریں اور گورنمنٹ کی طرف دیکھتے رھیں اور یہاں آکر وکالت کریں اور جو کام گورنمنٹ کرنا چاھتی ھے اسمیں روڑے اٹکانے کی کوشش کرتے رھیں ؟ میں کہونگا کہ اس سے نتیجتاً کوئی فائدہ ھونے والا نہیں ھے - مجھے معزز رکن معاف کریں کہ ولیج پنچایت کے جو لوگ کانفرنس میں آئے تھے اور بعض جو ٹاؤن مینوسپالیٹیز کے مقابلہ میں آئے تھے انکے متعلق یہ خیال کرنا میں سمجھتا ھوں زیادہ صحیح نہیں ھے کہ انہوں نے اپنے فرائض کو اچھی طرح سمجھا یا وہ سمجھتے ھیں کہ پنچایت کسطرح تیار کرینگے اور کانفرنس کسطرح بلائینگے - پروفیشنل ٹکس عائد کر کے پنچایت کی جڑوں کو مضبوط کرنا چاھئے اور گورنمنٹ کا یہ مقصد ھے کہ ولیج پنچایتیں سلف سفیشینٹ (Self-sufficient) ھوں لیکن ان مقاصد کے حصول میں روڑے اٹکانا اور ولیج پنچایت کو مضبوط کرنے کیلئے گورنمنٹ آگے بڑھے تو ان مقاصد کے آڑے آنا میں سمجھتا ھوں کہ لوک شاھی کو مضبوط کرنے کے مقاصد کے خلاف ھے - میں اپیل کرونگا کہ الکشن کریں اور اسطرح جو نمائندے آئیں وہ اپنے اختیارات کے اندر جو ٹیکسس (Taxes) عائد کرسکتے ھیں عائد کر کے ایمانداری سے قانون کے دئے ھوئے حقوق کے مطابق اوسے وصول کرنے کی کوشش کریں - کئی جگہوں پر گورنمنٹ ان مقاصد کو پورا کرنے کیلئے ساتھ دے رھی ھے - مگر چھوٹی چھوٹی باتوں کیلئے اڈجورنمنٹ موشن (Adjournment motion) لانا اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر احتجاجی جلوس لا کر صرف زبانی ھمدردی جتانا میں نہیں سمجھتا کہ اسطریقہ سے لوک شاھی کی عمارت کھڑی ھوسکتی ھے - ولیج پنچایت جو جگہ جگہ قائم ھوئے ھیں انکی تعداد (۱۰۲۰) ھے اور وہ اچھی طرح سے کام کررھی ھیں لیکن انکو اپنا کام کرنے سے روکنے کیلئے کئی سیاسی پارٹیاں روڑے اٹکارھی ھیں - میں کہونگا کہ وہ اس قسم کی کوشش چھوڑ دیں -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—क्या आपके पास अैसी मिसाल है कि अपोजीशन पार्टी की तरफ से कोअी आपके आडे आये हों अगर हैं तो अेक दो मिसालें बताअिये ।

شری گوپال راؤ اکبوٹے - ھاں میرے پاس اس کی مثال موجود ھے - میں میدک گیا تھا میں نے وھاں دیکھا کہ وھاں کی میونسپالٹی نے غور کرنے کے بعد وھاں پروفیشنل ٹیکس (Professional tax) عائد کیا - اس کے باوجود کہ وھاں ٹکس عائد کردیا گیا ھے لیکن جب ٹکس کے دینے کا سوال آتا ھے تو ایک ھلڑ مچائی جاتی ھے ایسی صورت میں ٹکس دینے والوں کو بھی ایک موقع مل جاتا ھے اور وہ اس ھلڑ میں شریک ھوجاتے ھیں - اسطرح جب ھم کوئی کنسٹرکٹیو اپروچ (Constructive approach) کرتے ھیں تو اس قسم کی ھلڑ مچائی جاتی ھے - ظاھر ھے کہ جب کوئی ٹکس کرام

پنچایتیں یا ٹاؤن کمیٹیز عائد کرتی ھیں تو وہ قانون کے تحت عائد کرتی ھیں اور ان ٹیکسس کا بار صرف انھی لوگوں پر عائد ھونا ھے جو اس کو ادا کرسکتے ھیں ، جو ادا کرنے کی سکت رکھتے ھیں کیوں کہ وہ اپنے پروفیشن (Profession) کے ذریعہ کافی رقم کماتے ھیں - ایسی صورت میں پروفیشنل ٹکس دینے میں انہیں عذر نہیں ھونا چاھئے - جو لوگ جمہوریت کے جھوٹے دعوے کرتے ھیں انہیں خود تھوڑی دیر کے لئے سنجیدگی سے سوچنا چاھئے کہ کیا یہ طریقے ٹھیک ھیں ؟ میں سمجھتا ھوں کہ اگر وہ تھوڑا سا کوآپریشن کریں تو ٹھیک طور پر کام ھوسکتا ھے - ولیج پنچایت کا ڈھانچہ نیا نیا آیا ھے - ممکن ھے کہ اس کی وجہ سے یا قانون کی ناواقفیت کی وجہ سے کلکٹرس یا ڈپٹی کلکٹرس کی طرف سے کچھ انٹر فیرنس (Interference) ھوئے ھوں اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ھے کہ بعض جگہ جو لوگ منتخب ھوکر آئے ھیں ان کو بجٹ تیار کرنا نہیں آتا - ایسی صورت میں مختلف زبانوں میں قانون کے ترجمے کرکے ان کی عدم معلومات کو دور کرکے جمہوری میدان میں ان کو لانے کی کوشش کرنی چاھئے - اگر ایسا کیا جائے تو مجھے یقین ھے کہ تھوڑی بہت کوشش سے غلط فہمیاں دور ھوجائیں گی - ھر شخص قانون کو سمجھ کر اپنے اپنے فرائض کے حدود کو جان لے تو میں نہیں سمجھتا کہ جس جمہوریت کے قائم کرنے کی ھم کوشش کرر ھے ھیں اوس کو مضبوط نہ بنا سکیں گے - اگر حکومت کے پاس پیسہ نہیں ھے تو اس کا احساس ھم کو بھی ھونا چاھئے - کہا گیا کہ جہاں ولیج پنچایت قائم کرنے کی کوشش کی جاتی ھے وھاں اس کے قیام کی اجازت نہیں دی جاتی -

سلوڑ کی جو مثال بتائی گئی ھے میں اوس کی جانچ کروں گا - ھم اس کا اطمینان کرلیں گے - اگر کوئی پنچایت اپنے پیروں پر کھڑی ھوسکتی ھے اور کسی کا ھاتھ پکڑ کر دو قدم بھی چل سکتی ھے تو یقینا اوس کو آگے بڑھانے کے لئے گورنمنٹ کوشش کرے گی - میں اس کا اطمینان دلا سکتا ھوں کہ پولیٹیکل پارٹیز کو زیادہ سے زیادہ موقع دیا جائیگا لیکن اس کے ساتھ ساتھ ھمیں اپنی فینانشیل اسٹرنجنسی پر بھی غور کرنا چاھئے - ھمیں اس کو صاف صاف تسلیم کرلینا چاھئے کہ ھماری فینانشیل پوزیشن ایسی نہیں ھے کہ پانچ ھزار مقامات پر ولیج پنچایتوں کو گرانٹس دیکر اون کو چلایا جاسکے - لیکن فینانس کی کمی کی وجہ سے جمہوریت کو مضبوط بنانے میں سست رفتاری سے کام لینا یا اوس کو روک دینا میں پسند نہیں کرتا - مجھے بھی اس امر سے تکلیف ھوتی ھے کہ (۱۰۲۰) گرام پنچایتوں کے قیام کے بعد میں اکیسویں گرام پنچایت قائم نہیں کرسکا - لیکن جو لوگ جمہوریت پر اعتماد رکھتے ھیں اور سامنے آنا چاھتے ھیں اور مقامی ٹیکس وغیرہ وصول کرنے اور وھاں مناسب کام کرنے کے سلسلہ میں اپنے پیروں پر کھڑے ھوسکتے ھیں تو میں یقین دلاتا ھوں کہ حکومت کی طرف سے اون کے کاموں میں روڑے نہیں اٹکائے جائیں گے - بلکہ حکومت جتنی کوششیں ھوسکتی ھیں کریگی اور جتنی مدد ھوسکتی ھے تیز رفتاری کے ساتھ دیگی - چنانچہ میں ایوان کی اطلاع کے لئے یہ بتانا چاھتا ھوں کہ پانچ چھ مہینے پہلے جن پنچایتوں نے درخواست دی تھی کہ وہ خود

مکتی ھیں اون کے قیام کی اجازت دی جائے تو گورنمنٹ نے اوس کی اجازت دی - ۸۰ جگہوں پر ولیج پنچایتیں قائم ھیں پندرہ مقامات پر ولیج پنچایتوں کا قیام زیر غور ھے - ھم سرسری طور پر اس کا اطمینان کرلیتے ھیں کہ واقعی ایسی اجازت دینے کے بعد اون کو اکسپلائٹ تو نہیں کیا جائے گا - کیوں کہ اون پنچایتوں کو ٹیکس وصول کرنے کے بھی پاورس ہوتے ھیں - اگر اکسپلائٹیشن کا موقع نہ ھو اور جمہوری طریقہ پر وہ کام کرسکتی ھیں تو اجازت دی جاتی ھے - انسپکشن کے سلسلہ میں جو باتیں کہی گئیں - ھیں وہ بالکل صحیح ھیں - میں اون سے متفق ھوں - چیف ولیج پنچایت آفیسر جو انسپکٹنگ آفیسر ھے وہ پوری ریاست کے لئے ایک ھی ھے - آٹھ پنچایت آفیسرس اور سولہ انسپکٹرس ھیں - سترہ اضلاع ھیں لیکن انسپکٹرس سولہ ھیں - کیوں کہ حال ھی میں کھمم ضلع کا اضافہ ھوا ھے - ھر ضلع میں کئی کئی گرام پنچایتیں قائم ھیں اون کی تعداد بہت زیادہ ھے اس لئے انسپکٹرس صحیح طور پر انسپکشن نہیں کرسکتے - اون سے یہ توقع ھی رکھنا کہ وہ بجٹ بنائیں اور دوسری باتیں لوگوں کو سمجھائیں غلط ھے - اس لئے انسپکشن اسٹاف میں اضافہ کرنے کے متعلق گورنمنٹ سوچ رھی ھے - مجھے یقین ھے کہ اسٹاف میں اضافہ ہونے کے بعد انہیں ضروری ھدایتیں دی جائیں گی اور جہاں جہاں یہ محسوس ھو کہ گرام پنچایتیں اپنے پیروں پر کھڑی ھوسکتی ھیں لیکن محض ضابطہ کی عدم واقفیت کی وجہ سے کام نہیں کرسکتیں تو اون کو مدد دی جائے گی - چنانچہ گورنمنٹ کی جانب سے اس سلسلہ میں عہدہ داران کو ھدایت دی گئی ھے - حال میں ٹاؤن کمیٹیز اور لوکل باڈیز کے پریسیڈنٹس (Presidents) کی جو کانفرنس ھوئی تھی اوس میں صاف صاف طور پر ھدایتیں دی گئی ھیں کہ زمانہ بدل گیا ھے - جگہ جگہ جمہوری ادارے قائم ھو رھے ھیں - اون کو مضبوط بنانا حکومت کا کام ھے - اس سلسلہ میں جتنی مدد حکومت کی طرف سے یا حکومت کے عہدہ داروں کی طرف سے ھوسکتی ھے دی جائے - میں ایوان کو اس کا اطمینان دلانا چاھتا ھوں کہ سارے آفیسرس بھی اب یہ جان گئے ھیں کہ زمانہ بدل گیا ھے - وہ بھی چاھتے ھیں کہ جمہوری اداروں کو انکریج کیا جائے - کیوں کہ اون اداروں کو مضبوط کرنے میں ھی اون کا مستقبل ھے - اس لئے جو سہولتیں دی جاسکتی ھیں وہ دی جائیں گی - اون کو مضبوط کرنے کے لئے جائز طریقہ پر ٹیکس امپوز (Impose) کرنے کی اجازت دی جائیگی - اونکے کام میں کسی قسم کے روڑے نہیں اٹکائے جائیں گے - اگر وہ خود مکتفی ھیں تو گورنمنٹ کی مدد کے ساتھ کافی طور پر آگے بڑھ سکتی ھیں - اس سلسلہ میں اب اور کوئی بات باقی نہیں رھی اس لئے میں دوسرے پائنٹس پر آتا ھوں -

اس کے بعد سی - آئی - بی بلاکس کا معاملہ ھے - ان بلاکس کے سلسلے میں انکریز آف رنٹ کے تعلق سے نہ صرف اس ایوان کے اندر بلکہ ایوان سے باھر بھی ایک خاص طبقہ کی جانب سے اسکو اخبارات میں اچھالا جارھا ھے - جو محضر اور درخواستیں میرے پاس بھیجی گئی ھیں اون کو پڑھنے کے بعد اور اخبارات میں جو اسٹیٹمنٹ آیا ھے یا میرے پاس دیا گیا ھے اوس کی طرف اشارہ کرتے ھوئے یہ کہا جارھا ھے کہ ھزاروں

نہیں بلکہ لاکھوں کرایہ‌داروں پر ظلم ہورہا ہے - ہزاروں دستخطیں لیکر وزیر حکومت مقامی کے پاس درخواستیں دیگئی ہیں- اس طرح کا اسٹیٹمنٹ اخباروں میں دیا گیا ہے - یہ اسٹیٹمنٹ میرے پاس بھی اور چیف منسٹر صاحب کے پاس بھی دیا گیا ہے - ان کا تجزیہ کرنے کے بعد میں یہ سمجھ نہ سکا کہ لاکھوں کرایہ‌دار سی - آئی - بی میں کیسے بس گئے ہیں - پورے اے - بی - سی - ڈی کلاسس مکانات کی تعداد (۴۴۰۰) کے قریب ہے - اے اور بی کلاسس کے مکانات کی تعداد (۱۳۶۱) ہے - ان ہی مکانات کے کرایہ میں اضافہ کیا گیا ہے - میرے پاس جو درخواست آئی ہے اس میں یہ لکھا ہےکہ پانچ ہزار کرایہ‌داروں کی دستخط سے یہ ریپریزنٹیشن کیا گیا ہے - پانچ ہزار لوگوں پر حکومت مقامی کا ظلم ہورہا ہے -(۱۳۶۱) مکانات کے کرایے بڑھانے کے سلسلے میں جو ہلڑ مچائی جارہی ہے اور اس معاملہ کو اخباروں میں پیش کیا جارہا ہے تو میں پوچھنا چاھتا ہوں‌کہ کیا حیدرآباد میں سوائے سی - آئی - بی کے کوئی مکانات نہیں ہیں ؟ ایک طرف تو کہا جا تا ہےکہ ٹیکس نہ بڑھایا جائے- مکانات کے کرایے نہ بڑھائے جائیں ، فیس نہ بڑھائی جائے- اور دوسری طرف کریٹیسیزم کی طومار کی جاتی ہے کہ حکومت یہ کرنے میں ناکام رہی - وہ کرنے میں ناکام رہی - حکومت کے متعلق غفلت شعاری اور کرمنل نگلیجنس (Criminal negligence) کے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں - میں اون سے یہ اپیل کرنا چاھتا ہوں‌کہ وہ ضرور سجیشنس دیں لیکن وہ ریزن ایبل پریمیسس (Reasonable premises) میں ہوں - اس طرح ایک آدھ ہزار آدمیوں کے جلوس کو لیکر نعرہ مارتے ہوئے آکر منسٹر پر اثر نہیں ڈال سکتے - اس کے برخلاف اگر کوئی ایک معمولی آدمی ریزن ایبل اور لاجیکل (Logical) بات کہے تو اوس کا اثر اوس سے زیادہ ہوسکتا ہے جتنا‌کہ لاکھوں دستخطوں کے ساتھ غیر ریزن ایبل محضر پیش کرنے سے ہوسکا ہے - میں ان مکانات کے تعلق سے جن کے کرایے بڑھائے گئے ہیں ایک اسٹیٹمنٹ ایوان کے سامنے رکھنا چاھتا ہوں - ان مکانات کے لاکھوں - ہزاروں نہیں بلکہ سینکڑوں کرایہ‌دار جو متاثر ہورہے ہیں وہ کتنے متاثر ہورہے ہیں اس کا اسٹیٹمنٹ میں ایوان کے سامنے لانا چاھتا ہوں - ۱۴ لوکیلیٹیز (Localities) میں یہ (۱۳۶۱) مکانات اے اور بی کلاس کے ہیں - ان کے جو اکوپنٹس (Occupants) ہیں اور جن کے لئے اتنا ہلڑ مچایا جارہا ہے وہ کون ہیں میں بتانا چاھتا ہوں- تفصیل یہ ہے -

لوکالیٹی		مکانات		(گورنمنٹ سرونٹس)		اللیگل اکوپنٹس
آغاپورہ	..	۲۰۸	..	۱۵۲	..	۱۷
اعظم پورہ	..	۱۸۷	..	۱۴۷	..	۱۱
بازار نورالامرا	..	۶۹	..	۳۷	..	۳
عنبر پیٹھ	..	۳۹	..	۳۱	..	۲
برکت پورہ	..	۷	..	۷	..	۳

خیرت آباد	٨٩	٣٦	١٣
لنگم پلی	٣٦	٣٨	١
معظم پورہ	٢٨٩	١٣٨	١٥
ملک پیٹھ	٣٠٩	٢٣٠	١٠
مغلپورہ	٥٤	٣٧	٣
نام پلی	١٣٦	١٠٠	٨
پرانی حویلی	١٦	١٣	١
سلطان بازار	٢٠	٢٠	—
سلطان شاہی	٢	٢	—

قواعد کے لحاظ سے ان مکانات میں گورنمنٹ سرونٹس کا پرسنٹیج (٥٠) ہونا چاہئے تھا لیکن یہاں (٦٨،٨٥) یعنی تقریباً ٦٩ پرسنٹ ہے۔ ان میں گزیٹیڈ آفیسرس ٣٩ ہیں۔ جن کی تنخواہ کا اندازہ گزیٹیڈ پوسٹس کے لحاظ سے خود آنریبل ممبر لگا سکتے ہیں۔

ایک آنریبل ممبر۔ ٣٩ پرسنٹ ہے یا ٣٩ تعداد ہے؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے۔ ٣٩ تعداد ہے۔ اور ال لیگل اکوپنٹس کی تعداد (٨٥) ہے۔ ان (١٣٦١) مکانات والوں کی وکالت یا نمائندگی ہمارے پاس کیجارہی ہے۔ لیکن جن لوگوں کو ہمارے پاس لایا جارہا ہے اون اے اور بی کلاس کے مکانات والے نہیں ہیں جن کا کرایہ بڑھایا گیا ہے۔ بلکہ سی اور ڈی کلاس کے لوگوں کو لایا گیا ہے جن کے مکانات کا کرایہ نہیں بڑھایا گیا۔ اس امر کو وہی لوگ اچھی طرح جانتے ہیں جنھوں نے اون کو ہمارے پاس لایا ہے۔ ان مکانات کے تعلق سے سنہ ١٩٥٠ع میں ایک کمیٹی بٹھائی گئی تھی۔ جس میں کوئی گورنمنٹ سرونٹ نہیں تھا بلکہ عوامی نمائندے تھے۔ جس نے ان مکانات کے کیوبیکل اسکوائر فیٹ آف اکوپائیڈ ایریا (Cubical square feet of occupied area) کو ناپا۔ اطراف کے محلوں کے مکانات کا جو کرایہ معین تھا اوس کے پیش نظر ایک رپورٹ سنہ ١٩٥٠ع میں پیش کی۔ اس میں دو تین پائنٹس متاثر کرنے والے تھے جن کو اٹھایا گیا۔ ایک تو یہ کہ کرایہ جو مقرر کیا گیا تھا اوس زمانے میں مقرر کیا گیا تھا جبکہ مکانات کی تعمیر ہوئی تھی۔ مکانات کا جو اسٹیمیٹیڈ کاسٹ (Estimated cost) تھا اوس پر یہ کرایہ مقرر کیا گیا تھا۔ جو اماؤنٹ انوسٹ (Invest) کیا گیا تھا اوس پر سود کے طور پر کہئے یا کرایہ کے طور پر جو رقم وصول ہورہی تھی وہ ٧،٩٠ تھی۔ بعض آنریبل ممبرس نے یہ اعتراض کیا تھا کہ محض کرایہ اضافہ کرنے کے خاطر ہی اضافہ کیا گیا ہے۔ اگر وہ اس سلسلہ میں مناسب معلومات حاصل کرتے تو خود مطمئن ہوجاتے کہ اضافہ کرنا مناسب تھا۔ کوئی مناسب طبیعت کا آدمی اگر اون وجوہات کو دیکھے جن کی بناء پر کمیٹی نے کرایہ بڑھانے کی سفارش کی ہے تو وہ یہی

کہیگا کہ جو کرایہ بڑھایا گیا ہے وہ کم ہے اوس میں اور اضافہ کرنا چاھئے - کمیٹی نے تمام مسائل پر غور کیا - اوسکی یہ رائے تھی کہ انوسٹڈ اماؤنٹ (Invested amount) پر جو (۷ء۹) کرایہ وصول ہورہا ہے وہ نگلیجیبل (Negligible) ہے - ہمارا رٹرن (Return) مناسب طریقہ پر نہیں آرہا ہے - بعض نمائندوں نے کہا کہ انوسٹیڈ اماؤنٹ پر چھ پرسنٹ رٹرن وصول کرنا چاھئے

لیکن کمیٹی نے جس وقت کرایہ فکس کیا تھا تو اوس وقت اسٹیبلشمنٹ چارجس (Establishment charges) اور کرایہ وصول کرنے کے اخراجات اور مکانات کے مینٹیننس کے اخراجات کو کیلکولیٹ (Calculate) نہیں کیا گیا تھا - اسٹیبلشمنٹ کے تین گونہ اور مینٹیننس کے ڈھائی گونہ اخراجات کو بھی سامنے نہیں رکھا گیا تھا - سنہ ۱۹۵۰ع میں جو سجھاؤ پیش کیا گیا تھا وہ اسٹیبلشمینٹ میں تین گونا اضافہ کئے بغیر اور مینٹیننس میں ڈھائی گونا اضافہ کئے بغیر رکھا گیا تھا - اگر اسکو پیش نظر رکھا جاتا تو انوسٹڈ اماؤنٹ پر جو کرایہ مقرر کیا گیا ہے وہ بڑھ جاتا - مکانات کی تعمیر پر جو اکچول اکسپنڈیچر ہوا اوسکے لحاظ سے اور آبادی - مارکٹ - اسکول اور دوسری سہولتوں کے مدنظر مختلف مقامات پر الگ الگ کرایہ مقرر کیا گیا - اے اور بی کلاس مکانات میں جیسا کہ میں نے کہا کہ (۶۸ء۸۵) پرسنٹ ملازمین سرکار ہیں - جنہوں نے گرانی وغیرہ بتلا کر ڈیرنس الونس اور ھاؤز رنٹس میں اضافہ کروا لیا ہے اور اپنی تنخواہیں یہ کہکر بڑھالی ہیں کہ جنگ کی وجہ سے چیزوں کی قیمت زیادہ ہوگئی ہے اور کرایے بڑھ گئے ہیں .....

श्री व्ही. डी. देशपांडे:— जिसमें सेकंड ग्रेड और थर्ड ग्रेड के लोगों की तादाद कितनी है ?

شری گوپال راؤ اکبوٹے - (۳۹) گزیٹیڈ آفیسرس ہیں اور باقی سکنڈ گریڈ اور تھرڈ گریڈ کے ملازمین سرکار ہیں یعنی (۶۸ء۸۵) پرسنٹ ان کرایہ داروں کی تعداد ہے جو گورنمنٹ سرونٹس ہیں - اسکے علاوہ اے اور بی کلاس کے کرایے بھی ۶۰-۶۰ - ۷۰ روپیہ نہیں ہیں بلکہ ۱۰ - ۱۱ اور سات روپیہ ہیں - کمیٹی نے اس میں سنٹ پرسنٹ اضافہ کی سفارش کی تھی - لیکن حکومت نے اس پر غور کیا اور کمیٹی کی سفارش کے مقابلہ میں ۵۰ پرسنٹ اضافہ کو منظور کیا - یہ واقعات تھے جن کو میں ایوان کے سامنے لانا چاھتا تھا - ڈپارٹمنٹ کے زیرغور یہ امر تھا کہ ان مکانات پر جو روپیہ صرف ہوا تھا اوسکو واپس حاصل کرکے لوور انکم گروپس (Lower income groups) کیلئے جدید مکانات تعمیر کئے جائیں - اور لوکاسٹ ھاؤزس (Low cost houses) پر اوس رقم کو انوسٹ کیا جائے - یہ نہیں کہ اب تک جو کرایہ اون کرایہ داروں سے وصول ہوا ہے اوس کے معاوضہ میں اون کرایہ داروں کو مالک بنا دے - بلکہ انوسٹیڈ اماؤنٹ کو واپس لیکر کسی اور جگہ پر اسکو انوسٹ کرے -

قریب میں قبضہ کرنے سے حکومت کا مقصد پھر اماؤنٹ انوسٹمنٹ کر کے جو لوگ مجروح ہوئے ہیں ان کے لئے مکانات فراہم کرنا ہے ۔ بیوپار کرنا نہیں ہے ۔ آج سکروں ہر روز لوگ ایسے ہیں جو کئی گنا زیادہ کرایہ دیکر مکانات لئے ہیں لیکن یہاں یہ حالت ہے کہ کرایہ دار بقایا کرایہ بھی نہیں دیتے ۔ تخلیہ نہیں کرتے ۔ بلکہ یہ وہ لوگ ہیں جو جلوس نکالتے ہیں اور خود پیچھے رہکر دوسروں کو آگے بڑھاتے ہیں ۔ ۱۰۵ سے ۲۰۶ تک کے یہ واقعات میں ایوان کے سامنے اسلئے رکھ رہا ہوں کہ ایوان کو تمام واقعات معلوم ہوں ۔ ایسے لوگ جن کی آمدنی ڈیڑھ دو سو روپئے سے زائد ہے کرایہ ۱۱ روپئے کا سترہ روپیہ کرتے ہیں یا ۱۷ روپئے کرتے ہیں یا ۷ روپئے کا ۱۰ روپئے کیا جاتا ہے تو واویلا مچاتے ہیں ....

श्री. माधवराव घुसीकर :—तनख्वाह के साथ किराया भी गव्हर्नमेंट मे लिया जाता है।

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अिसी लिये मैंने पूछा कि थर्ड ग्रेड ओर सेकंड ग्रेड के लोग कितने हैं ताकि हमे अिसका अंदाजा हो जाय कि किस तरह से अुन पर किराया बढता जाता है।

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ اگر سب کے سب تھرڈ گریڈ کے بھی ہیں تو اس نسبت سے بھی جو اضافہ کیا گیا ہے وہ $\frac{1}{5}$ یا $\frac{1}{10}$ آنا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ یہ جان کر مجھ سے بالکل متفق ہونگے کہ ایسے لوگ بھی ہیں جو اپنی آمدنی کا $\frac{1}{3}$ یا $\frac{1}{4}$ کرایہ کے طور پر دیرہے ہیں ۔ حالانکہ یہ لوگ اون سے کئی گنا کم کرایہ دیرہے ہیں

اس کے ساتھ میں ایک دوسری چیز بھی ایوان کے سامنے لانا چاہتا ہوں جو اللیگل آکوپنٹس (Illegal occupants) کے سلسلہ میں ہے ۔ مجھے خوشی ہے کہ اس پر اودھر کے ہی معزز رکن نے توجہ دلائی ہے ۔ وہ جن کے مکانات حیدرآباد شہر میں موجود ہیں ۔ وہ جو جلوس نکالنے اور جلسے کرنے میں پیش پیش رہتے ہیں ان کا دفتر اس مکان میں رہتا ہے اور ذاتی سکونتی مکان بیوی کے نام پر ہوتا ہے ۔ میں بھی ایک پبلک ورکر ہوں جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ یہی لوگ اس میں پیش پیش رہتے ہیں تو مجھے تکلیف ہوتی ہے ۔ یہ مکانات جو لور انکم گروپ کیلئے بنائے گئے ہیں ان پر قبضہ کئے ہوئے اللیگل آکوپنٹس کی وکالت کی جاتی ہے تو میں ان کے کانشنس (Conscience) سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ لوگ بجائے انکی وکالت کرنے کے حکومت کا ساتھ دیں ۔ جن لوگوں کا اضلاع پر تبادلہ ہوا ہے ان کے مکان میں سے کہتے ہیں کہ میں انکی بہن ہوں ۔ خالہ ہوں ۔ پھوپی ہوں ۔ گورنمنٹ میں اس کی تحقیقات چلتی ہے تو برس دو برس گزر جاتے ہیں ۔ لیکن پھر بھی وہ لوگ ایک طرف ان کی تائید اور وکالت کرتے ہیں اور دوسری طرف احتجاج کرتے ہیں ۔ جلسے کرتے ہیں اور جلوس نکالتے ہیں ۔ اور لور انکم گروپس کیلئے جو مکانات بنائے گئے ہیں ان سے اونہیں مستفید ہونے نہیں دیتے ۔ ان تمام چیزوں کا حوالہ دیکر میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ لوگ کن کی حمایت کرتے ہیں ؟ آیا ہم ان لور انکم والوں کی مدد کررہے ہیں یا وہ جو اللیگل آکوپنٹس کی پشت پناہی کرتے ہیں ؟ وہ کون ہیں جو صحیح طور پر

ان مکانات کے مستحق لوگوں کی مدد کرنے میں آڑے آرہے ھیں ؟ ان ۱۳۶۱ مکانات میں ۷۰ فیصد ملازمین ھیں اگر چیکہ انہیں قاعدہ کے لحاظ سے ۵۰ فیصد ھونا چاھئے اور ڈس ھاؤزڈ ۳۰ پرسنٹ ھونے چاھئے اور باقی مکانات انکو ملنے چاھیئیں جو راک رنٹنگ (Rock renting) کا شکار ھوتے ھیں ۔ اس لئے میں ان سے جو یہاں وکالت کرتے ھیں پوچھنا چاھتا ھوں کہ وہ سنسیرلی (Sincerely) دیکھیں ۔ صحیح پرسپکٹیو سے دیکھیں کہ ایسے لوگ جنکی آمدنی بچاس روپیہ سے کم ھے انہیں چاھے کسی کلاس کا مکان ھو حاصل کرنے میں کون امداد نہیں کر رھا ھے ؟

اس کے ساتھ ساتھ میں دوسری چیزیں بھی ایوان کے سامنے رکھنا چاھتا ھوں چاھے کچھ اور زیادہ وقت لگ جائے ۔ اللیگل آکوپنٹس ....

شریمتی معصومہ بیگم (شاہ علیبنڈہ) ۔ ان مکانات میں جو ۳۹ گزیٹیڈ آفیسرس ھیں وہ کیسے آئے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ وہ دو طریقوں سے آئے ھیں ۔ ایک تو غلط طور پر بتلاکر اپنی بیوی یا بچوں کے نام سے مکان لیاگیا یا پہلے تھرڈ گریڈ یا سکنڈ گریڈ کے تھے بعد میں ترقی کر کے گزیٹیڈ عہدہ دار ھوگئے لیکن ان کا ضمیر اتنا ترقی نہیں کیا کہ وہ یہ سمجھیں کہ میری تنخواہ اتنی بڑی ھوئی ھے کہ مجھے اس مکان میں نہ رھنا چاھئے ۔

श्री. रतनलाल कोटेचा (पाटोदा) :—अैसे ऑफिसर्स पर गव्हर्नमेंट क्या स्टेप्स ले रही है ?

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ یقیناً لے رھی ھے ۔ سختی سے لے رھی ھے ۔ اسلئے میں ایوان کے سامنے آج پورے فیکٹس رکھنا چاھتا ھوں ۔ چودہ سو اکسٹھ مکانات جو سی ۔ آئی ۔ بی کے ھیں وھاں یہ اٹمسفیر پیدا کرنے کی کوشش کی جارھی ھے کہ جو لوگ اللیگل آکوپنٹس ھیں انہیں نہ ھٹایا جائے ۔ ان میں سے بعض تو پاکستان چلے گئے ھیں اور یہ اللیگل آکوپنٹس کے قبضہ میں ھیں ان کا تخلیہ نہ کرایا جائے ۔ اگر انکی وکالت کرنے والے یہ سمجھتے ھیں کہ انہیں ویسا ھی رکھا جائے تو مجھے اس کا جواب دینا نہیں ھے ۔ (۳۸۲۰) مکانات میں سے سی ۔ آئی ۔ بی نے ۳۸۰ مکانات بیچ دئے اور بیچنے کیلئے جو شرائط مقرر کئے گئے ھیں ان پر اپریل سنہ ۵۴ع سے میں سختی سے عمل کرنے والا ھوں کیونکہ حکومت نے یہ کلیرڈسیشن (Clear decision) کیا ھے کہ انکو بیچ کرنئے مکانات بنائے جائیں ۔ اس میں کیا دقتیں پیش آرھی ھیں میں انہیں ایوان کے سامنے رکھنا چاھتا ھوں ۔ مختلف مقامات پر سی ۔ آئی ۔ بی کی زمین ھے سی ۔ آئی ۔ بی موجودہ مکانات کو بیچنے کے بعد جو رقم آئے اس سے اور کرایہ کا جو ھزاروں روپیہ بقایا ھے اس کو وصول کر کے لور انکم گروپ کیلئے ان مقامات پر مکانات بنانا چاھتی ھے ۔ لیکن ھزاروں روپئے کرایہ جو اللیگل آکوپنٹس کے ذمہ باقی ھے وہ اس میں سے ایک کوڑی بھی دینے کا نام نہیں لیتے اور اگر یہ قبول کر لیا جائے

که جو کرایه انہوں نے ابتک دیا ہے وہی قیمت متصور ہو تو پھر ان سے ایک حبه بھی نہیں مل سکتا - دوسرے یہ کہ سی - آئی - بی کی جو زمینات ہیں ان پر بغیر کسی کرایه ذمے کی تکمیل کئے سینکڑوں کی تعداد میں جھونپڑیاں ہیں - میں نے خود ایسے چار کیمپس جا کر دیکھے جہاں ۶ سال سے جھونپڑیاں قائم ہیں - میں ان معزز رکن کو یہ دعوت دینا ہوں کہ وہ جا کر انکا معائنہ کریں اور دیکھیں کہ کیا حالت ہے۔ وہ خود اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ وہ نہایت گندی حالت میں ہیں پانچ روپیہ کرایه والے مکانات کی بھی تقریباً یہی حالت ہے - یہ انڈپنڈنٹ مکانات جن میں کچن - باتھ روم وغیرہ ہیں نہ صرف انکا کرایه جو ۹۳ هزار روپیه بقایا ہے نہیں مل رہا ہے بلکہ ان کی حالت بھی نہایت ہی خراب ہے - وہاں یہ حالت ہے کہ ایک طرف بھینس کا بچھڑا ہے - دوسری طرف ایک بیمار لڑکا پڑا ہوا ہے تیسری طرف گندگی ہے - انہوں نے یہ حالت بنا رکھی ہے۔ وہ دیڑھ دو روپیہ روزآنہ کماتے ہیں مگر کرایه ادا نہیں کرتے میں نے ان سے کہا کہ ہم آلٹرنیٹیو انتظام کرنے کیلئے تیار ہیں تو ان کے مطالبات عجیب طرح سے پیش ہوتے ہیں - میں ایوان کو یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ ہم موجودہ مکانات کو بیچکر اورگورنمنٹ آف انڈیا جو سلمپ کلیرنس اسکیم کے تحت ۵۰ لاکھ روپیه دے رہی ہے اس سے چھوٹے - خوبصورت کم کرایه والے مکانات بنانا چاہتے ہیں تو یہ لوگ اپنی جھونپڑی ہٹا کر جگہ تک خالی کرنا نہیں چاہتے - وہ نہیں مانتے اور مطالبہ کرتے ہیں کہ انہیں ایسی جگہ منتقل کرنے کا انتظام کیا جائے جہاں نل ہو - لائٹ ہو اور فلش سسٹم ہو - انکا پہلا مطالبہ تو یہ ہے کہ ان کے سامان کی منتقلی کیلئے لاری دیجائے - میں نہیں سمجھتا کہ کوئی گورنمنٹ ان لوگوں کیلئے جن کے ذمہ ۹۳ هزار روپئے بقایا ہیں کیا انتظام کریگی اور انہیں کیا ایسی جگہ منتقل کریگی جہاں نل - لائٹ اور فلش کا انتظام ہو ....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—क्या मिनिस्टर साहब यह बता सकते हैं कि फ्लश लैटरीन की मांग किस झोपडीवालें ने की है ?

شری گوپال راؤ اکبوٹے۔ یہ بھی مانگ کی گئی ہے - میں اپنے ساتھ جملہ مواد لایا ہوں - اس میں یہ مطالبہ بھی ہے - ہم چاہتے ہیں کہ انہیں کہیں اور منتقل کر کے نئے مکانات کے بننے پر انہیں ترجیحاً اس میں رہنے کا حق دیا جائے لیکن وہ چاہتے ہیں کہ بغیر ایک حبہ دئے ہوئے یہیں رہیں - اس لئے میں ادباً التجا کروں گا کہ ان لوگوں کی وکالت چھوڑ دیں اور رائٹ پرسپکٹیو سے اس پرابلم کی طرف دیکھیں - تب جگہ جگہ پر جو سلمپس کم ہونے کی بجائے بڑھ رہے ہیں وہ ختم ہوجائیں گے - اور ان کی جگہ چھوٹے چھوٹے - کم کرایه والے خوبصورت مکانات تعمیر ہوں گے - اس کا میں حکومت کی طرف سے اطمینان دلانا چاہتا ہوں -

شریمتی معصومه بیگم - ان لوگوں سے کرایه وصول کرنا کس کی ذمہ داری تھی ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - سختی کی جاتی ہے تو آپ نے دیکھا ہوگا کہ حیدرآباد میں جلسے اور جلوس بڑی آسانی سے ہوتے ہیں - ایک بار نہیں کئی بار ایوکشن (Eviction) کرایا گیا تو یہ پریشر (Pressure) لایا گیا کہ ایوکشن نہو کرایہ وصول نہ کیا جائے - چنانچہ اب بھی یہی ہو رہا ہے - اب یہ حکم دیا گیا ہے کہ ۱۰ - مارچ تک تمام کرایہ ناموں کی تکمیل ہوجائے - اس ضمن میں چند سنجیدہ اصحاب کا ایک ڈیپوٹیشن (Deputation) آیا تھا تو میں نے یہ تمام واقعات رکھے اور وہ مطمئن ہوگئے - اس لئے اس پرابلم پر رائٹ اپروچ ہو- ناجائز قبضوں کو ختم کیا جائے اور بقایا کرایہ وصول کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری اسکیمس آگے بڑھ سکتی ہیں اور ۱۰ ہزار غریب لوگوں کے لئے اچھے خوبصورت لورنٹ (Low rent) کے مکانات بنائے جاسکتے ہیں -اس لئے میں اتنی ہی التجا کروں گا کہ آنریبل ممبرس کو اس بارے میں جو ذرا سی غلط فہمی ہے اس کو اگر وہ دور کرلینا چاہتے ہیں تو کسی وقت بھی وہ اس مثل کا معائنہ کرسکتے ہیں -

شریمتی معصومہ بیگم - گورنمنٹ آف انڈیا سے ہاؤزنگ کے سلسلہ میں جو رقم ملی ہے؟اس کا مصرف کیا ہوا

شری گوپال راؤ اکبوٹے - وہ انڈسٹریل ہاؤزنگ اسکیم کے سلسلے میں ہے - اوس ڈیمانڈ کو پی - ڈبلیو - ڈی منسٹر موو کریں گے - لیکن میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ انڈسٹریل ہاؤزنگ کے سلسلے میں بھی مکانات بن چکے ہیں ....

شری عبدالرحمن - ایوان کے بعض ارکان سے متعلق کہا گیا کہ وہ اپنی بیوی کے نام پر مکان رکھتے ہیں یا ذاتی مکان رکھتے ہیں وغیرہ - کیا آنریبل منسٹر ان کا نام بتا سکتے ہیں ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - میں نے ایوان کے کسی رکن سے متعلق نہیں کہا میں نے یہ کہا کہ ایوان کے اراکین کو ایسی باتوں کا علم ہے ....

شری پنڈم واسدیو (گجویل) - اگر کوئی سرکاری ملازم سی-آئی-بی کے مکان میں رہتا ہو اور اس کا تبادلہ ہوجائے تو اس کو مکان خالی کرنا پڑتا ہے یا کسی کا ذاتی مکان ہو تو وہ بھی سی-آئی-بی کے مکان میں نہیں رہ سکتا - لیکن منسٹرس ذاتی مکان رکھنے کے باوجود کیا سرکاری مکانوں میں رہ سکتے ہیں ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی مناسبت نہیں ہے - صرف ہنسی کے لئے یہ کہا جا رہا ہے -

شری پنڈم واسدیو - نہیں - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا کوئی منسٹر یا ڈپٹی منسٹر ذاتی مکان رکھنے کے باوجود سرکاری مکان حاصل کرسکتا ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے۔ وہ کرایہ کے تعلق سے ہےلیکن میں آپ کو اطمینان دلانا چاہتا ہوں کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

مجھے واٹر ورکس کے بارے میں بھی کچھ وضاحت کرنی ہے ۔واٹر ورکس کا پرابلم بہت اہمیت رکھتا ہے ۔ اور اس مسئلہ پر ہمدردی سے غور کرنا چاہئے ۔ میں یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ (۵۰۰۰) سے زائد آبادی کے جو شہر ہیں وہاں واٹر ورکس اسکیم کے تحت سروے ہوچکا ہے۔ حکومت کے پاس جو مواد ہےاس کے لحاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ ۱۸۸ مقامات ایسے ہیں جہاں پروٹکٹڈ واٹر پلانٹس (Protected Water Plants) سپلائی ہونے ہیں ۔ لیکن فینانس کی کمی کی وجہ سے صرف ۲۳ مقامات پر پروٹکٹڈ واٹر سپلائی کا انتظام ہوا ہے ۔ میں اس موقع پر پانی کے مسئلہ کے بارے میں پوری ہسٹری ایوان کے ملاحظہ میں لانا نہیں چاہتا کیوں کہ یہ کوئی خوش کن بات نہیں ہے ۔ لیکن پروٹکٹڈ واٹر سپلائی کی ذمہ داری پیسوں کے نقطہ نظر سے اہم ہے ۔ اس سال ول سنکنگ ڈپارٹمنٹ کو اس کام کے لئے ۱۲ لاکھ روپے دئے جا رہے ہیں اور ڈسٹرکٹ واٹر سپلائی کے لئے ۱۲ لاکھ ۸۶ ہزار روپئے دئے جارہے ہیں ۔ اس طرح گورنمنٹ اس کام پر جو رقم صرف کرنا چاہتی ہے وہ ۲۵ لاکھ کے قریب ہوجاتی ہے ۔ ڈاکٹر لیرو اور ڈاکٹر ڈیوس جو یو۔ این ۔ او کے ریپریزنٹیوز ہیں ان کے پاس رورل ایریاز کے سلسلے میں ایک اسکیم ہے۔ ان کا یہ کہنا ہے کہ اربن ایریاز (Urban areas) کے لوگ تو اپنے مطالبات کے حصول میں اجیٹیشنس (Agitation) یا جلوس جلسوں کے ذریعۃ اپنے حقوق منواتے ہیں ۔ ان کا اس طرح کا کانشنس (Conscience) ہوتا ہے ۔ لیکن رورل ایریاز (Rural areas) کے لوگ اس طرح کا عمل کرنے کی طاقت رکھنے کے باوجود ایسا نہیں کرتے۔ اس لئے رورل ایریاز نگلکٹڈ ایریاز (Neglected areas) ہوتے ہیں ۔ اس لئے انہیں واٹر پائپس ۔ پمپنگ سٹس یا انجنس وغیرہ سربراہ کرنا چاہئے ۔ ان سے اس سلسلے میں تبادلہ خیال کیا گیا ہے ۔ اب جو اسکیم ہمارے ہاتھ پر ہے اسکے تحت ۱۲ لاکھ روپے تو ول سنکنگ کے لئے اور ۱۲ لاکھ ۸۶ ہزار روپے ڈسٹرکٹ واٹر سپلائی کے لئے رکھے گئے ہیں ۔ ان ایریاز کے لئے پائپس وغیرہ سپلائی کرنے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ واٹر سپلائی کو ہم کئی گنا زیادہ کرسکیں گے ۔ انہیں اپریل کے دوسرے ہفتہ تک یہ اسکیم دیدی جائیگی اورمیں سمجھتا ہونکہ ستمبر تک یہ انتظام ہوجائے گا ۔ اس طرح واٹر سپلائی کے اکیوٹ پرابلم (Acute Problem) کو حل کر کے پیور واٹر (Pure water)اور پروٹکٹڈ واٹر (Protected water) لوگوں کو زیادہ مقدار میں فراہم کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں اودگیر اور دوسرے مقامات کا ذکر کیا گیا ہے ۔ جن آنریبل ممبرس نے اس کی نمائندگی کی تھی انہیں میں نے انفرادی طور پر جواب دیدیا ہے ۔ لیکن عام طور پر ایوان کے معلومات کے لئے یہ بتلادینا چاہتا ہوں کہ ہماری محدود رقمی گنجائش ہی میں ایک اسٹانڈ پوسٹ واٹر اسکیم (Stand post water Scheme) کے ذریعہ ریلیف (Relief) دینے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ اور اودگیر

اور ایسے دوسرے مقامات کے لئے ۵۴ - ۱۹۵۵ع میں رلیف دینے کی کوشش کی جا رہی ہے - ول سنکنگ کے سلسلے میں امریکن ایڈ کے طور پر ایک ہزار ولس سنک کرنے کے لئے ۳۰ لاکھ کی ایک اسکیم بھی ہے - اگر وہ عمل میں آجائے تو وہ ۳۰ لاکھ اور یہ ۲۰ لاکھ اس کام پر صرف ہوں گے - اور سال دو سال کے عرصہ میں واٹر سپلائی کے سلسلے میں لوگوں کو کافی رلیف مل سکتا ہے - لیکن یہ اسکیم چونکہ ان میکنگ (In making) ہے اس لئے اس وقت تک ہمارے پاس جتنی رقم ہے اس سے جس قدر ممکن ہو کام کیا جا رہا ہے - اس سلسلے میں لوگوں کی جانب سے بھی کافی مدد کا جذبہ پایا جاتا ہے جسکا میں استقبال کرتا ہوں - یہ مدد بھی حاصل کرکے ان کی تکلیفوں کو دور کرنے کی کوشش ہوسکتی ہے - یہ تین پوائینٹس میں ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا تھا جن کی میں نے وضاحت کردی ہے -

شری لکشمی نرسمہا ریڈی - نامنیشن کے سلسلے میں جو اعتراض کیا گیا تھا اس کا جواب نہیں دیا گیا ہے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے - اس سلسلے میں میں نے خود ایک بل ۲ مارچ کو انٹروڈیوس (Introduce) کیا ہے - جس کے ذریعہ نامنیشن کا طریقہ برخواست کیا جائے گا - ڈسٹرکٹ بورڈ اورکارپوریشن کے سلسلے میں یہ مان لیا گیا ہے اورحکومت نے اس کو تسلیم کرلیا ہے - اس کے بعد یہ بحث کا موضوع نہیں رہتا - اس بل کے لئے ایوان میں وقت نہیں ملا - مجھے امید ہے کہ اپریل کے پہلے ہفتہ میں یا اگر آنریبل ممبرس چاہیں تو دوسرے ہفتہ میں اس کو لیا جاسکتا ہے -

شری داجی شنکر - تو کیا سدی پیٹھ میں نامنیشنس نہیں ہوں گے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - اگر اس قانون کو رٹراسپکٹیو افکٹ دیا جائے تو یہ اور بات ہے .....

شری داجی شنکر راؤ - (عادل آباد) - آخر حکومت کی کیا پالیسی ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - اس وقت دوسرے میونسپالٹیز میں نامزد ارکان کام کر رہے ہیں - ایسی صورت میں خاص طور پر ایک جگہ الگ عمارت کھڑی کرنا مناسب نہوگا -

شری جے - آنند راؤ - اب تک جو نامنیشنس ہوچکے ہیں ان پر اس کا کیا اثر ہونے والا ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - جو باڈیز منتخب ہوچکی ہیں اور جس قانون کے تحت وہ بنی ہیں ان کی ورکنگ تو ظاہر ہے کہ ویسی ہی رہے گی -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - اب کٹ موشنس ووٹ پر رکھے جاتے ہیں -

Demand No. 30- Well *Sinking Department—Rs.* 12,85,710.

Working of the Well Sinking Schemes in the State

Shri G. Sreeramulu: I beg leave of the House to withdraw my cut-motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Working of the Well Sinking Department

Shri Rama Rao Aurgaonkar: I beg leave of the House to withdraw my cut-motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Inadequate Supply of Boring Machines

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That the grant under Demand No. 30 be reduced by Rs. 100".

The motion was negatived.

Government's failure to provide sufficient number of Drinking Water Wells

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That the grant under Demand No. 30 be reduced by Re. 1".

The motion was negatived.

Working of the Department

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That the grant under Demand No. 30 be reduced by Re. 1".

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That a sum not exceeding Rs. 12,85,710 under Demand No. 30 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh".

The motion was adopted.

Demand No. 31—*Contribution to Municipalities and District Water Works*– Rs. 4,71,600.

Lack of co-operation between Collectors and Municipalities

Shri Annajirao Gavane : I beg leave of the House to withdraw my cut-motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Failure of the Government to make water supply arrangements to Parbhani Municipalities

Shri Annajirao Gavane : I beg leave of the House to withdraw my cut-motion.

The motion was, by leave of the House, withdrwan

Basis and mode of giving contribution to Municipalities

Shri Bhujungrao : I beg leave of the House to withdraw my cut-motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Working of nominated District Boards

